RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۲۹ھ مطابق یکم مئی ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ممانعت آمد و رفت بلا لالٹین بعد گیارہ بجے شب	۱ و ۲
۲	نسبت تلوار گم شدہ	۲
۳	رخصت نائب مہتمم کنول خانہ	〃
۴	انتظام عہدہ کوتوالی شہر	۳
۵	انتظام محرری مویشیخانہ کچہری	〃
۶	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس ...	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر مشمولہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس باستدعاء ممانعت عام چلنے پھرنے کی بعد گیارہ بجے شب بغیر لالٹین۔ و منادی بآواز دہل بغرض اطلاع عام و ممانعت خلاف ورزی کے روکی ضابطہ پولیس بنظر انسداد سارقان و بدمعاشان وغیرہ۔

حکم ہوا کہ

استدعار پولیس منظور ہے - احکام عام جاری ہوں - اور درج گزٹ بھی ہو -

رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نسبۃ رپورٹ انسپکٹر شہر

رپورٹ ہذا ملاحظہ ہوئی اس کارروائی سے کہ ملازمان فوج گیارہ بجے کے بعد جب کسی ضرورت سے گھر سے باہر نکلیں تو اُنکے پاس وردی کی کوئی چیز ہونا چاہیے تاکہ اُس سے ملازمت کی پہچان ہو سکے -

ہمکو اسوجہ سے اتفاق نہیں ہے کہ ممکن ہے بوجہ خراب ہو جانے لوازمۂ سرکاری کے ایسی اجازت نہ ہو سکے البتہ عام لوگ گیارہ بجے رات تک اپنی ضرورت سے شہر مین چلتے پھرتے ہین گیارہ بجے شب کے بعد جو شخص شہر مین چلتے پھرتے ہین وہ بوجہ خاص خاص ضرورتونکی ایسی حالت مین

میری رائے مین گیارہ بجے رات کے بعد جو شخص عام اس سے کہ وہ عام مین سے ہو یا ملازمان سرکار نیض آثار کسی بھی ضرورت سے شہر مین چلے پھرے تو اُسکے پاس لالٹین ہونا چاہیے - اگر مجمع کے ساتھ چند لوگ ہون تو ایک لالٹین کافی ہے اور اگر صرف ایک شخص ہو تو بھی اُسکے پاس ایک لالٹین ہونا چاہیے - اور اگر اسکے خلاف کوئی شخص بلا لالٹین کے نکلیگا تو ضرور جرائم پیشہ کا شبہ ہوگا - اور ایسی حالت مین پولیس کارروائی ضابطہ کر سکے گی - یہ عمل انسداد جرائم کے واسطے غالباً مفید ثابت ہوگا اور جرائم پیشہ کو آزادی سے چلنے پھرنے کا موقع نہین ملیگا - اگر یہ کل روائی جسے اور میری رائے سے اجلاس اعلیٰ مین اتفاق فرمایا جاوے اور منظوری صادر ہو تو جملہ محکہ جات اور نیز شہر مین ہر کوچہ و محلہ مین بآواز دہل منادی کرائیکا انتظام کر دیا جاوے - بلکہ علاوہ اس انتظام کے کچھ اشتہار بھی طبع کرا کے ہر موقعو نپر اور گذرگاہونپر چسپان کرا دیے جاوین تاکہ ہر شخص اس انتظام سے واقف ہو جاوے اور اس حکم کی پابندی کرے کاغذ ہذا بغرض صدور حکم باجلاس اعلیٰ جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر پیش ہو - یکم اپریل سنہ ۱۹۱۱ء -

حکم محکمہ عالیہ دار الانشا باجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

ظہری رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر نمبری ۲۵۸۲

مورخہ ۱۲ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء -

بمطابقہ درخواست اطلاع بھگونت سرن برادر شام سندر لال لائسنسدار مرحوم نسبت گم شدگی تلوار برادر خود نمبری ۶۰۸۸ -

حکم ہوا کہ

تلوار اور لائسنس موسومہ شام سندر لال متوفی خارج ہون پولیس کو اطلاع دیجاوے اور تلوار کی بابت میرمنشی دار الانشا اشتہار گزٹ ریاست میں درج کرا دین کہ اگر ایک ماہ کے اندر داخل نہ ہوے تو مال مسروقہ شمار ہوکر دارندہ مذکور مرتکب جرم شمار ہوگا -

اشتہار

ایک قبضہ تلوار نمبری ۶۰۸۸ ازان شام سندر لال ولد موہن لال ساکن رامپور محلہ راجدوارہ لائسنسدار متوفی مکان لائسنسدار سے گم ہو گئی ہے - لہذا حسب منشار حکم نمبری ۳۳۵۶ مرقومہ ۲۲ر اپریل ۱۹۱۱ء اعلان کیا جاتا ہے کہ جسکے پاس تلوار ہو ایک ماہ کے اندر داخل سرکار

کردے ورنہ مال مسروقہ شمار ہوکر دارندہ مذکور مرتکب جرم شمار ہوگا۔ رپٹ گمشدگی تلوار مذکور پولیس مین درج ہے۔ فقط

مرقومہ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

العبد

بھگت بہاری لال میرمنشی دارالانشا

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مزید رخصت ماہ عزیز احمد خان نائب منصرم کتبخانہ بوضع نصف تنخواہ بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

تقرر

۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

اجلاس ہمایون حضور پرنور اعلیٰ دام اقبالہم و ملکہم سے تقرر شرف الدین خان سب انسپکٹر انچارج افسر بعہدہ کوتوالی شہر منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

خاص طور سے معلوم ہوا ہے کہ جیون رام محرر مویشیخانہ کھجوریہ مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار اکثر کام مویشیخانہ دوسرون پر چھوڑکر چلا جاتا ہے اور خود نہین کرتا۔ نقشہ ماہواری بھی دیر مین آتا ہے چند مرتبہ نقشہ جات کا ملاحظہ ہوا داخلہ مویشی اور آمدنی مویشی خانہ کم پائی گئی جس سے پایا جاتا ہے کہ محرر کو سرکاری کام کی طرف کچھ توجہ نہین ہے اور ملازمت سرکاری کی اسکو قدر نہین ہے۔ چونکہ محرر مذکور کو کار سرکار کو لاپروائی سے کرنا اور ٹھیک طور پر انجام نہ دینا بوجوہ مذکورۂ بالا ثابت ہوتا ہے۔ لہذا بنظر انتظام کار سرکار

حکم ہوا کہ

جیون رام محرر مویشیخانہ کھجوریہ برخاست کیا جائے کہ دیگر محرران کو عبرت ہو اور منور علی خان محرر مویشیخانہ حوالی شہر بجائے نامبردہ محرری مویشیخانہ کھجوریہ پر تعینات کیا جائے۔ اور صفدر علی خان عرف چھیلا خان اہلمد اجلاس عالی مشاہرہ دار چھ روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار بجائے منور علی خان محرری مویشیخانہ حوالی شہر تبدیل کیا جاوے۔ اور بجائے صفدر علی خان اہلمد مذکور اجلاس ہٰذا مین مسمی حامد علی خان بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر ہو احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ہوم سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی سن ابتدا جنوری سنہ ۱۹۱۱ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

نام علاقہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۸۷	۳۲	۷۹	۱۰	۱۹۸	۱۶۶	۳۲	۱۱۴	۱۰۷	۱۳۶	۱۳۹	۴۱۴	۵۱۲	۶۶۴	۷۶۸	۱۰۳۰	۳۷۲	۰	۴۲	-	۳۱۲	۰	۱	۱۰۷۲	۱۴۳۲	
گنج	۷۶	۱۱	۵۱	۶	۱۴۴	۱۲۷	۱۷	۱۳۵	۱۲۰	۱۸۶	۱۹۵	۴۰۵	۶۶۱	۷۲۶	۹۷۶	۱۳۷۳	۳۲۹	-	۳۹	-	۱۸۸		-	۱۴۷۵	۱۷۰۲	
حوالی شہر	۶۳	۵۱	۴۹	۴۶	۲۰۹	۱۱۲	۹۷	۱۴	۸	۲۱	۱۷	۸۱	۸۲	۱۱۶	۱۰۷	۱۰۸	۱۱۵	۰	۰	-	۱۲۳			-	۲۲۳	
عظیم نگر	۷۰	۷۵	۸۴	۵۴	۲۸۳	۱۵۴	۱۲۹	۱۵	۱۳	۷	۵	۸۸	۵۸	۱۱۰	۷۶	۸۹	۹۷	-	-	۲	۱۸۳	۰		۰	۱۸۶	
شاہ آباد	۵۷	۱۵۸	۵۵	۱۳۸	۴۰۸	۱۱۲	۲۹۶	۵۸	۴۶	۲۵	۲۷	۱۷۷	۱۲۷	۲۶۰	۲۰۰	۱۴۰	۳۲۰	۰	۲	۳۶۳	۰	-	-	۹۵	۴۶۰	
پٹوائی	۳۲	۱۵۱	۲۶	۹۰	۲۹۹	۱۸۳	۱۱۶	۲۲	۲۴	۹	۲	۱۹۳	۹۶	۲۲۴	۱۲۲	۵۸	۲۸۸	۲	۷	-	۳۳۷	۰	۰	۰	۳۴۶	
ملک	۵۸	۲۵۳	۳۴	۱۴۴	۵۱۹	۹۲	۳۲۷	۵۴	۵۴	۳۷	۵۷	۲۰۹	۱۹۳	۳۰۰	۳۰۴	۱۴۴	۴۶۰	-	۲	-	۴۲۷	۰	۱	۱۷۴	۶۰۴	
پلاسپور	۵۴	۷۶	۵۶	۹۱	۲۴۷	۱۱۰	۱۳۷	۲۳	۲۳	۷	۸	۱۳۴	۹۵	۱۶۴	۱۲۶	۱۴۶	۱۴۴	۰	۳	-	۲۷۶	-	۰	۱۱	۲۹۰	
کیمری	۵۴	۹۶	۲۸	۶۶	۲۴۴	۸۲	۱۶۲	۹۱	۳۸	۱۳	۶	۱۱۵	۶۴	۱۸۹	۱۰۸	۱۱۱	۱۸۶	۰	-	۲۹۳	-	۴	۰	۰	۲۹۷	
سوار	۹۱	۷۰	۸۵	۶۱	۳۰۷	۱۷۶	۱۳۱	۴۲	۳۰	۷	۹	۹۹	۸۳	۱۴۸	۱۲۲	۱۵۳	۱۱۷	۰	-	-	۲۵۸	۰	۰	۱۲	۲۷۰	
ٹانڈہ	۱۶۲	۹۳	۱۰۵	۸۴	۴۴۴	۲۶۷	۱۷۷	۵۱	۴۹	۳۱	۲۵	۱۹۲	۱۵۲	۲۷۴	۲۲۶	۳۱۰	۱۹۰	۰	۲	-	۳۹۱	۰	۰	۱۰۷	۵۰۰	
میزان	۸۰۴	۱۰۵۶	۶۵۲	۸۹۰	۳۴۰۲	۱۵۸۱	۱۴۲۱	۵۸۹	۵۱۳	۴۷۹	۵۰۰	۲۱۰۷	۲۱۲۳	۳۱۶۵	۳۱۳۵	۳۶۹۲	۲۶۱۸	۲	۹۸	۶۵۸	۲۵۹۵	۵	۲	۲۹۵۰	۶۳۱۱	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۴ [illegible] اپریل لغایتہ سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	•	•	•	[illegible] ۱۴ مار / [illegible] ۱۵ مار	[illegible] ۱۲ مار / [illegible] ۱۳ مار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	•	•	•	•	[illegible] ۲۰ مار / [illegible] ۲۳ مار	۱۶ مار	
نخود کسہ آمیز	•	•	•	•	۱۴ مار	۲۱ مار	
کسہ	•	•	•	•	۲۵ مار	۲۲ مار	
ماش	•	•	•	•	۱۰ مار	۱۰ مار	
مونگ	•	•	•	•	۱۱ مار	۱۰ مار	
مکا	•	•	•	•	۳۰ مار	۲۲ مار	
جئی	•	•	•	•	۳۰ مار	۲۲ مار	
گوجئی	•	•	•	•	۲۵ مار	۱۶ مار	
ارہر	•	•	•	•	۲۰ مار	۲۰ مار	
عدس	•	•	•	•	۲۰ مار	۲۰ مار	
برنج	•	•	•	•	باریک ۳ مار / موٹے ۷ مار	۷ مار	
روغن زرد	•	•	•	•	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	•	•	•	•	۲ مار	۲ مار	
روغن کنجد	•	•	•	•	[illegible]	•	
نمک سانبھر	•	•	•	•	۱۴ مار	۱۴ مار	
نمک لاہوری	•	•	•	•	•	۱۲ مار	
قند سیاہ	•	•	•	•	۷ مار	۷ مار	
باجرہ	•	••	•	•	•	•	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور